**The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry**

**گوجرانوالہ ایوانِ صنعت و تجارت**

Since 1978

Certified ISO 9001:2008


مجلس عاملہ کا اجلاس منعقدہ 27 جنوری 2024ء

کی حاضری

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| 2- | جناب حمیس گلزار | میسرز جی ایچ ایم پرائیویٹ لمیٹڈ طیبہ روڈ باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 3- | جناب عادل ندیم | میسرز فجر ٹریڈنگ بلمقابل ڈاکٹر نواز گھمن گل روڈ گوجرانوالہ |
| 4- | جناب آفاق ایوب | میسرز سروس یونٹ (ایچ۔ایم عبداللہ اینڈ سنز' حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| 5- | جناب شاہد الرحمان | میسرز سپر فائن انڈسٹری اسلامیہ کالج روڈ نزد درزیاں والی کوٹھی<br>محلہ اقبال گنج گلی نمبر 7 مکان نمبر 3002 گوجرانوالہ |
| 6- | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 7- | جناب ارسلان یوسف | میسرز سپر ماسٹر سرامکس ٹرالیاں والہ گلہ عقب ایوب بیرنگ انڈسٹری اتاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 8- | جناب علی نواز خان | میسرز خان سلک فیکٹری نزد ٹالی قبرستان فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 9- | جناب ساجد لطیف بٹ | میسرز ساجد میٹل ورکس باجوہ روڈ فیکٹری نمبر 80 گوجرانوالہ |
| 10- | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| 11- | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بلمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 12- | جناب محمد ارشد | میسرز سلور سٹار میٹل کچن ویئر انڈسٹری مین شیخوپورہ گلزار کالونی عقب کھیالی پیپر بورڈ گوجرانوالہ |
| 13- | جناب خالد تنویر | میسرز امان فلور ملز ڈھکی سندر سنگھ نزد اعوان چوک گوجرانوالہ |
| 14- | جناب شیخ محمد نعیم | میسرز ملٹی سٹیل انٹرپرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ 3-B/247 نزد دھوبی گھاٹ گراؤنڈ سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 15- | جناب اختر علی خان | میسرز قومی ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ 48 جناح سٹیڈیم سول لائنز گوجرانوالہ |
| 16- | جناب محمد مردان | میسرز عبدالحمید سٹیل غازی روڈ ایمن آباد گوجرانوالہ |
| 17- | جناب قمر سہیل | میسرز انصاری ٹریڈرز نیلم کلاتھ مارکیٹ گلی قصاباں گوجرانوالہ 1 |
| 18- | جناب جواد احمد بٹ | میسرز شجاع سٹین لیس سٹیل انڈسٹری گلہ گوگا پہلوان نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ |
| 19- | جناب محمد اسلم | میسرز اسلم اینڈ برادرز 82 بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 20- | جناب خواجہ عمر فاروق | میسرز خواجہ انٹرپرائزز 6 مین سول لائنز گوجرانوالہ |

محمد برہان

سیکریٹری جنرل


Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan · +92-55-9200391-4 (4 Lines) · +92-55-9200389 · www.gcci.org.pk

www.gujranwalaexpo.org.pk · gcci@gcci.org.pk - gccipool@gmail.com · gujranwalachamberofcommerce&industry

thegccIofficial



"Non-Profit Organization Status till 30-06-2024"

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب ضیاء الحق کی زیر صدارت مورخہ 27 جنوری 2024ء کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

-1 تلاوت قرآن پاک۔

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب شیخ محمد نعیم نے حاصل کی۔

-2 درود پاک کی خاموش تلاوت۔

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

-3 درخواست برائے معذرت۔

صدر جناب ضیاء الحق نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ جناب وقاص افضل، جناب ہشام جاوید، جناب عرفات اکرام، جناب ظفر ڈار اور جناب احسن محمود کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئیں ہیں۔اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کرلیا۔

-4 گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی (مورخہ 26 اکتوبر 2023ء) کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے گزشتہ اجلاس کی کاروائی کا ایجنڈا ہاؤس میں پیش کیا۔ہاؤس نے متفقہ طور پر گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی منظوری دے دی۔

-5 آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ اکتوبر، نومبر اور دسمبر 2023ء (لف ہے)

صدر جناب ضیاء الحق نے آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ اکتوبر، نومبر اور دسمبر 2023ء کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ہاؤس نے متفقہ طور پر آمدن واخرجات کی منظوری دے دی ۔

-6 رکنیت کیلئے موصولہ درخواستوں کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے رکنیت کیلئے ایسوسی ایٹ اور کارپوریٹ کلاسز کی موصول ہونے والی نئی ممبرشپ کی درخواستیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبرشپ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کو منظور کرلیا۔

-7 دیگر امور

صدر جناب ضیاء الحق نے دیگر امور کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کرتے ہوئے بتایا کہ 24/7 بزنس کمیونٹی کی سہولت کیلئے ماڈل خدمت مرکز گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس بنا رہا ہے جس کے لئے ہاؤس سے منظوری درکار ہے۔جناب آفاق ایوب نے کہا کہ یہ ماڈل خدمت مرکز کہاں پر بن رہا ہے اس میں کون کون سے سہولیات ہونگی۔صدر جناب ضیاء الحق نے بتایا کہ ماڈل خدمت مرکز سی ٹی او آفس میں بن رہا ہے اور اس خدمت مرکز میں ایف آئی آر، لائسنس، پولیس کریکٹر وغیرہ کی سہولیات بزنس کمیونٹی کو میسر ہونگی۔جناب آفاق ایوب نے استفسار کیا کہ اس ماڈل خدمت مرکز کو بنانے پر کتنا خرچہ آئے گا، کیا حساب ہوگا کیا چیمبر کے پاس اتنے فنڈز موجود ہیں یا نہیں۔جب میں SVP تھا تو بہت سے معاملات کیلئے اکثر ہم اپنے پاس سے چیمبر کو لون دے دیتے تھے تو جب چیمبر کی ریونیول آتی تھی تو ایڈجسٹ کرلیتے تھے۔مزید یہ کہ اکثر چیمبر کے پاس فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے بہت سے کام نہیں کر پاتے تھے کیونکہ اکثر گورنمنٹ یا

ضلعی انتظامیہ اپنے لئے بہت سے کام کروالیتے ہیں لیکن بعد میں وہ پراجیکٹ یا توختم ہو جاتے ہیں یا انتظامیہ تبدیل ہو جاتی ہے۔جس کا کوئی فائدہ چیمبر کونہیں ہوتا۔اس کے علاوہ بھی چیمبر کے آفس بیررز اپنے پاس سے بہت سے اخراجات کررہے ہوتے ہیں اور حکومت کو بزنس کمیونٹی ٹیکس بھی ادا کر رہی ہوتی ہے۔یہ چیمبرز کے ممبران کے پیسے ہیں یہ پیسے براہ راست بزنس پروموشن وغیرہ کیلئے جیسی سرگرمیوں پر ہی خرچ کرنے چاہیئے ۔صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ یہ ماڈل خدمت مرکز بھی تو گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کیلئے ہی بن رہا ہے اور یہ شہر کا ایک اچھا پراجیکٹ ہوگا جو بزنس کمیونٹی کیلئے بھی ہوگا اور شہر میں گوجرانوالہ چیمبر کی نیک نامی بھی ہوگی۔جناب آفاق ایوب نے کہا کہ خدمت مرکز پر اخراجات کے حوالے سے منظوری پہلے ہونی چاہیئے تھی اور اخراجات کی تفصیل وغیرہ ہاؤس میں پیش کی جاتی کہ کل لاگت کتنی آنی ہے چیمبر کے پاس کیا اتنے فنڈز موجود بھی ہیں کہ نہیں ۔جناب قمر دلبر نے پوچھا کہ کیا یہ اخراجات چیمبر کے اکاوئنٹ سے ہونگے ۔صدر چیمبر نے بتایا کہ چیمبر کے اکاوٗنٹ سے اخراجات ہونگے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔جناب نعیم آصف نے کہا کہ گوجرانوالہ کا عوام الناس کیلئے پہلا پراجیکٹ ہوگا ہم دوسرے شہروں کی مثالیں بھی دیتے ہیں سیالکوٹ کا اکثر نام سننے میں آتا ہے۔لہٰذا یہ پراجیکٹ کرنا چاہیئے ۔اس کے بعد ہاؤس نے اکثریت رائے سے چیمبر کے اکانٹ سے اس پراجیکٹ کو مکمل کرنے کی منظوری دے دی۔

انہوں نے مزید پوچھا کہ ہاؤس میں ایک ہمارے پاس لسٹ لائی گئی ہے جس پر ہمارے دستخط کروائے جارہے ہیں یہ کس مقصد کیلئے ہے جس پر سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ چیمبر کا لائسنس کی مدت مکمل ہو چکی ہے اس کی تجدید کیلئے تمام ایگزیکٹیو ممبران کے دستخط درکار ہیں۔جناب نعیم آصف نے کہا کہ نادرا کی وین کیوں نہیں ۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ الیکشن کی کمپین چل رہی ہیں وین متعلقہ یونینز میں جارہی ہے نادرا کو لکھ دیا ہے امید ہے یہ سہولت دوبارہ بحال کروالی جائے گی۔

اس کے بعد کوئی امورزیر بحث نہ تھا لہٰذا اجلاس دعائے خیر کے بعد صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اختتام پذیر ہوگیا۔

محمد ... بٹ

سیکریٹری جنرل